انتخاب

"کپورتھلہ میں ایک عالمِ دین مولانا محمود علی شاہ صاحب رہتے تھے۔ یہ رندھیر کالج کپورتھلہ میں عربی کے پروفیسر تھے۔ ان کی کئی کتابیں مشہور ہیں۔ "دین و دانش"۔ "دین و دولت"۔ "دین و آئین"، "رشد الراشدین"، "سنّت و بدعت"۔ اور منظوم ترجمہ "قصیدہ بردہ" وغیرہ۔ "دین و آئین" میں کمرشل انٹرسٹ پر اچھی بحث کی ہے اور خدا سے ڈرتے ہوئے اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے، لیکن خود اپنا کیا حال تھا، وہ سننے کے قابل ہے۔

انہوں نے ایک مکان بنوایا جو کسی کو پسند آگیا اور اس نے بڑی ردّ وکد اور اصرار کے بعد وہ مکان ان سے کرائے پر لے لیا۔ مولانا نے اسے وہ مکان کرائے پر دے دیا۔ کرائے دار شریف آدمی تھا۔ ہر ماہ پابندی سے کرایہ ادا کرتا تھا۔ برسوں اسی طرح گذر گئے۔ کرایہ دار کرایہ دیتا رہا اور مولانا کرایہ لیتے رہے۔ ایک دن کرایہ دار حسبِ معمول کرایہ لے کر آیا، تو مولانا نے فرمایا:

"آپ نے اب تک جتنا کچھ کرائے کے نام سے ادا کیا ہے، وہ سب میں جمع کرتا رہا ہوں۔ کچھ بھی خرچ نہیں کیا ہے۔ میں نے بینک میں بھی کوئی رقم جمع نہیں کی۔ وہ دیکھئے سامنے ایک گھڑا کونے میں رکھا ہے، اس میں آپ کی ساری رقمیں جمع کرتا رہا ہوں۔ میں نے اپنے مکان پر جتنا خرچ کیا تھا، وہ سب آپ کے کرایوں سے وصول کر چکا ہوں۔ اب میں [illegible] سے زیادہ کا مستحق [illegible] آپ سے کوئی مزید کرایہ نہیں لے سکتا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اب دو ہی صورتیں ہیں۔ آپ جو پسند کریں میں وہی کروں گا۔ یا تو آپ اس جھگڑے کی ساری رقم واپس لے جائیے اور مکان میرے حوالے کیجیے یا پھر کچہری چل کر مکان اپنے نام رجسٹری کرا لیجیے۔"

مولانا کی یہ گفتگو سن کر کرائے دار مبہوت سا ہو گیا اور اسے گمان ہونے لگا شاید میں کوئی خواب دیکھ رہا ہوں۔ اس کا ذہن نہ یہ قبول کر رہا تھا کہ انیسویں صدی کے ربعِ اول میں کوئی شخص اتنا پرہیزگار ہو سکتا ہے اور نہ یہ تسلیم کرنے پر آمادہ تھا کہ آج کے دور میں کوئی انسان اتنا "بے وقوف" ہو سکتا ہے۔ بہر حال وہ حیران تھا کہ مولانا کس دنیا کی باتیں کر رہے ہیں، در آں حالیکہ ان کے ہوش و حواس قائم ہیں۔"

جعفر شاہ پھلواروی

(بشکریہ سالنامہ "اردو ڈائجسٹ"، جنوری ۱۹۶۴ء)